Lytteprøve

گاہک : میں سو ڈالر کا ٹریول چیک کیش کرانا چاہتا ہوں ۔

کلرک : براہ کرم چیک کی دوسری جانب دستخط کر دیں ۔

گاہک : جی بہت اچھا ! کیا ذرا قلم دیں گے ۔

کلرک : ضرور ! کیوں نہیں ؟

گاہک : یہ لیجئے چیک حاضر ہے اور اپنا قلم بھی لیجئے ۔

کلرک : کیا آپ کے پاس کوئی شناختی چیز ہے مثلاً پاسپورٹ یا کوئی بینک کا کارڈ وغیرہ ؟

گاہک : اِس وقت میرے پاس یہ بینک کا کارڈ ہے ۔

کلرک : ٹھیک ہے یہ لیجئے پانچ ہزار سات سو پچاس روپئے ۔

گاہک : کیا ڈالر کا بھاؤ انسٹھ اعشاریہ پچاس نہیں ہے ؟

کلرک : جی ، جناب ، ہے ۔ مگر وہ تو ڈالر خریدنے کا بھاؤ ہے ۔ آپ ڈالر بیچ کر روپئے خرید رہے ہیں ۔ بیچنے کا بھاؤ ستّاون اعشاریہ پچاس ہے ۔

گاہک : اچھا ، میں سمجھ گیا ہوں ۔ مگر امّاں کو سمجھانا اتنا آسان تو نہیں ہو گا ۔ خدا حافظ ۔

کلرک : خدا حافظ ۔